**11/01/2025**

**07.40 PM**

# Signature Tune

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔
اب آپ شیخ تجمل سے خبریں سُنئے

ہیڈ لائنز

☆............وزیراعظم نریندر مودی نے وکست بھارت کے نظریے کو پورا کرنے کیلئے نوجوانوں کو ترقیاتی سفر کا شراکت دار بنانے کی ضرورت پر دیا زور۔

☆............منشیات کی بدعت کا قلع قمع کرنے کیلئے مرکز اور ریاستوں کی طرف سے جامع کوششیں کرنے کی وزیر داخلہ کی ہدایت۔

☆............وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے 13 جنوری کو وزیراعظم کے دورہ وادی کے پیش نظر حفاظتی انتظامات کا لیا جائزہ۔
اور
☆............مختلف ضلعوں میں سیاحتی سرگرمیوں کو بڑھاوا دینے کیلئے فیسٹولوں کا انعقاد۔

وزیراعظم

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ وکست بھارت ینگ لیڈرس ڈائیلاگ ملک کے نوجوانوں کو قومی ترقیاتی سفر کے شراکت دار بنانے کے ضمن میں ایک منفرد پہل ہے۔
وزیراعظم نریندر مودی نے آج قومی یوتھ فیسٹول 2025 اور وکست بھارت ینگ لیڈرس ڈائیلاگ کے موضوع پر کھیل کود اور امور نوجوان کے وزیر مملکت رَکشا کھڑسے کی طرف سے لکھے گئے ایک مضمون کو سراہا۔ وزیراعظم نے کہا کہ اس پروگرام کے ذریعے سے ملک کے نوجوان اذہان کو صحیح سمت دینے اور ان کی اختراعی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے میں مدد ملے گی تاکہ وکست بھارت کے خواب کو شرمندہ تعبیر کیا جاسکے۔

**امت شاہ**

وزیرداخلہ امت شاہ نے ملک میں منشیات کی بدعت سے نمٹنے کیلئے مرکز اور ریاستوں کی طرف سے جامع کوششیں کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔آج نئی دلی میں نارکوٹیکس کنٹرول بیوروNCB کی طرف سے ڈرگ ٹریفکنگ اورقومی سلامتی سے متعلق ایک علاقائی کانفرنس کے دوران خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ قومی سلامتی پر بھی اس بدعت کے منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔امت شاہ نے اس موقعے پر ڈرگ ڈیسپوزل پکھواڑے کا بھی آغاز کیا اورManas-2 ہیلپ لائن کی سہولیات تمام ریاستوں اورمرکز کے زیرانتظام علاقوں تک بڑھا دیں۔انہوں نے کہا۔

----Byte (Amit Shah)---

**نشہ مکت**

ملکی سطح پر سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دینے کیلئے انفرادی واجتماعی سطح پر کوششیں جاری ہیں۔اس حوالے سے ملک میں نشہ مکت ابھیان عملایا جارہا ہے۔وزیراعظم نریندر مودی کا پیغام۔

..................Byte......(PM)..................

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے ہر سطح پر کاوشیں جاری ہیں۔تاہم ان میں جدت لانے کی ضرورت ہے۔اس حوالے سے جب شعبہ خبر نے گردوارہ پربندک کمیٹی سرینگر کے سیکریٹری رنجیت سنگھ سوڈھی کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا۔

..................Byte......(Ranjeet Singh)....

**ٹنل**

13 جنوری کو وزیراعظم نریندر مودی کے وادی کے ممکنہ دورے کے تناظر میں پورے کشمیر بالخصوص سرینگر اور گاندربل اضلاع میں سلامتی کے انتظامات سخت کئے گئے ہیں۔اس سلسلے میں سپیشل پروٹکشن گروپ پہلے ہی سرینگر پہنچ گیا ہے اور وہ سلامتی انتظامات کی نگرانی کررہے ہیں۔مختلف مقامات پر چیکنگ اور تلاشی کارروائی کیلئے ناکے لگائے گئے ہیں۔

وزیراعظم نریندر مودی 13 جنوری کو سرینگر-لیہہ قومی شاہراہ پر گگن گیر کے مقام پر تعمیر کئے گئے سونہ مرگ ٹنل کا افتتاح کریں گے۔سماجی رابطے کی ویب سائٹ X پر ایک پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ وہ ٹنل کے افتتاح کے سلسلے میں سونمرگ دورے کا بے صبری سے انتظار کررہے ہیں۔

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراؤں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری، لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ بھی افتتاحی تقریب میں شرکت کریں گے۔ جدید سہولیات سے لیس اس ٹنل سے سیاحتی مقام سونہ مرگ تک پورے سال رسائی ممکن ہوگی نیز کرگل اور لیہہ اضلاع کے لوگوں کو عبور و مرور کی بہتر سہولیات دستیاب ہوں گی۔ اسکے علاوہ ملکی اور غیر ملکی سیاحوں کو علاقے کی طرف راغب کرنے میں بھی مدد ملے گی۔

وزیر اعلیٰ

دریں اثناء وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج سونمرگ کا دورہ کر کے وہاں وزیر اعظم نریندر مودی کے دورے کے سلسلے میں کی جارہی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ٹنل کے شروعات سے سونمرگ کو ایک بڑے سکی ریزاٹ کی حیثیت سے ترقی ملے گی۔ اسکے علاوہ سرینگر سے کرگل اور لیہہ کے درمیان سفر کے وقت میں بھی کمی آئے گی۔

جتیندر سنگھ

بی جے پی جموں وکشمیر نے شہید بھکھم سنگھ اور بہاری لال کو انکے شہید دِوس کے موقعے پر خراج عقیدت ادا کرنے کیلئے ہیرانگر میں ایک تقریب کا انعقاد کیا۔ بی جے پی قومی جنرل سیکریٹری ترون چگ، بی جے پی جموں وکشمیر کے صدر ست شرما کے علاوہ کئی دیگر لیڈروں نے سمادی ستھل پر گلباری کر کے ان شخصیات کو خراج عقیدت ادا کیا۔ سائنس وٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے ورچول طریقے پر تقریب میں شرکت کی۔ اس موقعے پر انہوں نے کہا۔

-----Byte (Jitender Singh)--

LG خراج

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سابق وزیر اعظم لعل بہادر شاستری کو انکی برسی پر خراج عقیدت ادا کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے شاستری جی کو سادگی اور وقار کا ایک مجسمہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ آنجہانی نے ملک کی ترقی اور خوشحالی کیلئے مثبت اصلاحات لائے۔

دریں اثناء ایل جی نے ایودھیا دھام میں شری رام للا کی پران پرتشٹھا کا ایک سال مکمل ہونے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ ایل جی نے کہا ہے کہ ہم سب کو بھگوان رام کے اصولوں پر چل کر ایک شمولیاتی بھارت وجود میں لانے کیلئے اپنا عزم دوہرانا چاہیئے۔

کارنیول

وادی میں حالیہ برفباری سے سیاحتی سرگرمیوں کو کافی فروغ حاصل ہو رہا ہے اور وادی کے بیشتر سیاحتی مقامات پر سیاحوں کا کافی رش دیکھنے کو مل رہا ہے۔ آج سے شوپیان ضلع کے دوبجن علاقے میں دوروزہ ''ہیمال ناگرائے'' سرمائی کارنیول شروع ہوا۔ ایک رپورٹ کے ساتھ شوپیان سے ہمارے نمائندے۔

..................Byte......(Janisar)..................

دریں اثنا کپواڑہ کے لولاب علاقے میں آج ضلع انتظامیہ اور محکمہ سیاحت کی طرف سے ایک روزہ سنو فیسٹول کا انعقاد کیا گیا۔ مزید تفصیلات کیساتھ کپواڑہ سے ہمارے نمائندے۔

..................Byte......(Rafiq)..................

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

خبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن اے آئی آر اور DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔

خبروں کے بلٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل ایڈرس akashvanisrinagarnews@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں۔

پشو پالن

ملک میں پشو پالن اور اس سے منسلک سیکٹروں کو ترقی کی بلندیوں تک لے جانے کیلئے پشوؤں کی گنتی کا 21 واں عمل شدو مد سے جاری ہے۔ جموں کشمیر میں بھی ان دنوں مویشیوں کی گنتی کی جا رہی ہے۔ مرکزی سرکار میں اینمل ہسبنڈری سٹیٹیکس کے ڈائریکٹر VP سنگھ نے حال ہی میں وادی کا دورہ کر کے اس پروگرام کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔ شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا۔

........................Byte......( V.P Singh)

گرم آلات

وادی میں سرد موسمی صورتحال کے چلتے لوگ کثرت سے گرمی کے روایتی اور جدید آلات کا استعمال کرتے ہیں تاہم ان کے غیر مناسب استعمال سے لوگوں کو بعض اوقات جانی اور مالی نقصات سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔اس ضمن میں شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز میں انٹرنل اینڈ پلمنری میڈسن کے ایڈیشنل پروفیسر ڈاکٹر سید مدثر قادری نے شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

..................Byte......(Dr. Syed Mudasir).....

تپ دق

ملک میں تپ دق بیماری کا خاتمہ کرنے کیلئے سو دنوں پر مشتمل ایک جامع مہم جاری ہے۔مہم کے تحت مریضوں کو علاج و معالجہ کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ عام لوگوں میں اس بیماری سے متعلق بیداری پیدا کی جارہی ہے۔وادی میں تپ دق کے کئی بیمار سامنے آکر اپنے علاج و معالجہ کرا رہے ہیں اور وہ اب صحت یاب ہوکر معمول کی زندگی گذار رہے ہیں۔صحت یاب ہوئے دو مریضوں کے تاثرات۔

............Byte......(Patients)...........

کنبھ وانی

اُتر پردیش کے عارضی ضلع مہا کنبھ نگر میں 13 جنوری سے 26 فروری تک جاری رہنے والیمہا کنبھ میلے کیلئے تمام تیاریاں مکمل کی گئی ہیں۔اُتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کل کنبھ وانی چینل کی شروعات کی۔اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ کنبھ وانی نہ صرف اپنی مقبولیت کو بلندیوں تک پہنچائے گا بلکہ مہا کنبھ کے جذبے کو دور دراز علاقوں تک پہنچانے میں بھی مدد کرے گی۔

..................Byte......(Kumbh vani)................

کھوکھو

ادھمپور ضلعے کے نگروٹہ کی 21 برس کی کھوکھو کھلاڑی نازیہ بی بی کو بھارتی کھوکھو خواتین ٹیم میں شامل کیا گیا ہے۔ یہ ٹیم نئی دلی میں 13 جنوری سے شروع ہونے والے کھوکھو خواتین ورلڈ ٹورنامنٹ میں شرکت کرے گی۔ قبائلی طبقے سے تعلق رکھنے والی اس نوجوان کھلاڑی نے شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے اپنے جذبات کا یوں اظہار کیا۔

----Byte (Nazia Bi Bi----

این سی

نیشنل کانفرنس خواتین وِنگ کی صدر اور MLA حبہ کدل شمیمہ فردوس نے آج مختلف علاقوں کا دورہ کر کے وہاں تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل کانفرنس کی سربراہی والی حکومت ہر علاقے میں بنیادی ڈھانچے کو بڑھاوا دینے کی وعدہ بند ہے۔

پی ڈی پی

پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی کے نائب صدر محمد سرتاج مدنی کی صدارت میں سرینگر میں آج پارٹی کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں پارٹی کو بنیادی سطح پر مزید مستحکم کرنے سے جڑے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ انہوں نے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ ممبر شپ مہم میں تیزی لائیں

جاوید ڈار

زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے نوجوانوں کو روزگار کے قابل بنانے میں حمایت اسکیم کے رول کی ستائش کی ہے۔ جموں میں حمایت کے Alumni meet سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس اسکیم سے کافی تعداد میں نوجوان مستفید ہو رہے ہیں اور وہ اپنی کامیابی کی داستان رقم کر کے دوسروں کیلئے مثال بن رہے ہیں۔

کولگام

کولگام پولیس کی سائبر سیل نے آن لائن مالی دھوکہ دہی کے مختلف معاملات کو حل کر کے 13 لاکھ 69 ہزار 377 روپے کی رقم بازیاب کی۔ کولگام پولیس نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ جھوٹے تجارتی پلیٹ فارموں جیسے آن لائن گھپلوں سے خبردار رہیں۔

ستیش شرما

ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش شرما نے آج آسام میں جہاز رانی اور واٹر ویز کے مرکزی وزیر سربانند اسونووال کے ساتھ ملاقات کر کے جموں و کشمیر میں آبی گذر گاہوں کو بڑھاوا دینے نیز شہری آبی ٹرانسپورٹیشن سے جڑے معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران چند ایک مقامات پر ہلکی بارش یا برفباری ہونے کا امکان ہے۔

سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 5اعشاریہ 8 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 3اعشاریہ 6 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 16اعشاریہ 2 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 7اعشاریہ 1 ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 7 بجکر 37 منٹ پر اور
غروب آفتاب شام 5 بجکر 42 منٹ پر ہوگا۔
اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔
خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے
کل صبح 7 بجکر 45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہوگا۔
ہمیں دیجئے اجازت// خدا حافظ۔